[As INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

# A

# BILL

*for ensuring the natural rights and protection of animals.*

Whereas, animals have an inalienable right to live in an environment free of abuse and mistreatment, it is expedient to enact the Islamabad Animal Protection Act, 2024, for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title, extent and commencement.-** This Bill may be called the Islamabad Animal Protection Bill, 2025.

(1) It shall extend to the Islamabad Capital Territory.

(2) It shall come into force at once.

2. **Definitions.- (1)** In this Act, unless the context otherwise requires,

(a) "animal" means any living creature, including vertebrates and invertebrates, other than a human being;

(b) "Committee" means the Animal Welfare and Protection Committee to be established by the Federal Government;

(c) "captive animal" means any animal (other than a domestic animal) which is in captivity or confinement, whether permanent or temporary, preventing its escape;

(d) Court means the court of magistrate;

(e) "domestic animal" means any animal which is tamed to live alongside a human being and kept by humans as a pet, a work animal or a food source;

(f) "local authority" means a Islamabad Capital Administration or any other authority for the time being invested by law with the control and administration of any matters within a specified local area;

(g) "incurably ill animal" means an animal that is fatally wounded or sick beyond recovery as certified by a veterinarian;

(h) "institution" would include an individual or any other institution or person on whose behalf an experiment is to be conducted;

(i) "owner", used with reference to an animal, includes not only the owner but also any other person for the time being in possession or custody of the

animal, with the consent of the owner;

(j) "prescribed" means prescribed by Rules made under this Act;

(k) "performing animal" means an animal which is used at or for the purpose of any entertainment, display etc.;

(l) "prescribed authority" means the Committee or such other authority or officer as may be authorized by the Committee;

(m) "protected animal" means or the purposes of this Act if—

(i) it is of a kind which is commonly domesticated;

(ii) it is under the control of man whether on a permanent or temporary basis, or

(iii) it is not living in a wild state.

(n) "rare animals" include the animals listed on the rare species directory of the recognized international forums such as the WWF and any such animal that is declared to be special, rare, endangered, threatened by any law for the time being in force or Institution working towards the welfare of animals;

(o) "smuggling" includes the illegal possession, transportation, sale, purchase and distribution of animal and wildlife; and

(p) "stray animal" includes abandoned and ownerless animals or animals in respect of which no claim of ownership is made.

(q) 'Court' means the Magistrate Court.

**3. Duties of persons responsible for animals to ensure welfare.-**

(1) A person commits an offence of cruelty, if he does not take such steps as are reasonable in all the circumstances to ensure that the needs of an animal for which he is responsible are met to the extent required by good practice:-

(2) It shall be the duty of every person living the care or charge of any animal, including a Protected Animal or Rare Animal, whether as owner or otherwise, to ensure the welfare and well-being of such animal and to prevent the infliction of trauma, pain or suffering upon such animals. In particular, every such person shall ensure that an animal under his charge has;

(a) a suitable environment as per the needs of the animal and freedom from any discomfort that may be caused due to an unsuitable environment;

(b) a proper diet and freedom from thirst, hunger and malnutrition;

(c) all necessary and proper protection front pain, injury and disease;

(d) freedom to express and exhibit normal behavior for the species;

(e) freedom from fear and distress; and

(f) a proper living arrangement, which includes but is not limited to, the consideration of any need which requires the animal to be housed with or separated from other animals.

(3) The circumstances to which it is relevant to have regard when applying subsection (1) include, in particular, but are not limited to—

(a) any lawful purpose for which the animal is kept, and

(b) any lawful activity undertaken in relation to the animal.

(4) Nothing in this section applies to the euthanization of an animal in an appropriate and humane manner

**4. Animal Welfare and Protection Committee.-**

For the promotion of animal welfare and to prevent the infliction of trauma, pain or suffering on animals, to prevent unnecessary killing, and to provide for their welfare, a committee to be called the Animal Welfare and Protection Committee shall be established by the federal Government.

**5. Formation of the Committee.-**

(1) The Committee shall consist of the following persons:

(i) Secretary, Ministry of Interior to act as the Chairperson;

(ii) Secretary Ministry of Climate Change, to act as a member;

(iii) Commissioner Islamabad Capital Territory, to act as a member;

(iv) Chairman Capital Development Authority, to act as a member;

(v) Director, Wildlife Management Board Islamabad, to act as General Secretary of the Committee

(vi) Three persons of repute who are actively engaged in animal welfare work and are well-known humanitarians, to be nominated by the Federal Government; and

(vii) Two prominent veterinary practitioners;

(2) The Federal Government shall by notification in the Official Gazette and subject to the requirements of Section 4 shall, take immediate steps to constitute the Animal Welfare and Protection Committee within one hundred and twenty days after this Act comes into force.

**6. Rules of the Business of the Committee. _**

Subject to the provisions of this Act, the procedure and conduct of business of the Committee shall be regulated by regulations made by the Committee.

**7. Funds of the Committee. _**

The Federal Government may set up an account for local and foreign donors to make grants/donations/gifts except government for funding the welfare of animals within the limits of Islamabad Capital Territory.

**8. Functions of the Committee. _**

The functions of the Committee shall be;

(a) to ensure implementation and enforcement of all laws in force within Islamabad Capital Territory for the welfare and prevention of cruelty to animals.

(b) to update and keep the law in force in Islamabad Capital Territory for the welfare and prevention of cruelty to animals under constant study;

(c) to advise the Federal Government on steps to be undertaken in any such law for the welfare and prevention of cruelty to animals from time to time;

(d) to advise the Federal Government and draft and formulate Rules under this Act with a view to preventing unnecessary pain or suffering to animals generally, and more particularly when they are being transported from one place to another or when they are used as performing animals or' when they are kept in captivity or confinement in pet stores or otherwise;

(e) to take all such steps as the committee may think fit for the well-being of animals by providing for veterinary assistance for all animals, including but not limited to, stray animals;

(f) to take all such steps as the committee may think fit to ensure that diseased animals, whether protected or stray, are medically treated by local authorities, whenever it is necessary to do so, either instantaneously, or if rendered incurable to take immediate steps after necessary consultation with properly qualified and expert veterinary to ease their pain or suffering;

(g) to co-operate with, and co-ordinate the work of, associations or bodies established for the purpose of preventing unnecessary pain or suffering to animals or for the protection of animals and birds;

(h) to advise the Federal Government on matters relating to the medical care and

attention that may be provided in animal hospitals;

(i) to impart education and raise awareness in relation to the humane treatment of animals and to encourage the formation of public opinion against the infliction of unnecessary pain or suffering to animals;

(j) to advise the Federal Government on any matter connected with animal welfare or the Prevention of infliction of unnecessary pain or suffering on animals;

(k) to formulate and draft appropriate rules pertaining to the birth control of stray animals, especially, for stray dogs and cats within 90 days after the constitution of the Committee;

(l) to make rules for the registration of veterinary experts and doctors and ensure that a register of veterinary doctors is maintained for carrying out of any orders imposed by the Court under Section 11 of this Act;

(m) to otherwise do all things necessary, including but not limited to making sub-committees, rules, regulations, to promote and ensure the welfare of animals within the Islamabad Capital Territory;

(n) to advise, prepare and formulate appropriate rules, directives or guidelines in relation to the smuggling of animals within 90 days after the establishment of the Committee;

(o) to formulate guidelines for the installation of CCTV cameras in zoos, pet stores or any place where animals are being kept for any purpose, other than as domestic animals such as entertainment sale purchase treatment;

(p) to consider, evaluate and approve applications made it from any person, company, corporation, institution in relation to the conduct of tests and experiments on animals and shall make and issue appropriate guidelines in that regard;

(q) to take all such measures as may be necessary to ensure that animals are not subjected to unnecessary pain or suffering before, during or after the performance of experiments on them, and for the purpose it may, by notification in the official Gazette make such rules as it may think fit in animals in relation to the conduct of such experiments;

(r) in particular, and without prejudice to the generality to the foregoing power, such rules may provide for the following matters namely;

(s) The registration of persons or institutions carrying on experiments on animals;

(t) The reports and other information which shall be forwarded to the Committee by persons and institutions carrying on experiments on animals;

(u) in particular, and without prejudice to the generality of the foregoing power, rules made by the Committee shall be designed to secure the following objects, namely:

(i) that in cases where experiments are performed in any institution, the responsibility therefore is placed on the person in charge of the institution and that, in cases where experiments are performed outside an institution by individuals, the individuals are qualified in that behalf and the experiments are performed on their full responsibility;

(ii) that experiment are performed with due care and humanity and that as far as possible experiments involving operations are performed under the influence of some anesthetic of sufficient power to prevent the animals feeling pain or trauma;

(iii) that animals which, in the course of experiments under the influence of anesthetics, are so injured that their recovery would involve serious suffering, are ordinarily destroyed while still insensible;

(iv) that experiments on animals are avoided wherever it is possible to do so; as for example; in medical schools, hospitals, colleges and the like, if other teaching devices such as books, models, films and the like, may equally suffice;

(v) that experiments on larger animals are avoided when it is possible to achieve the same results by experiments upon small laboratory animals like guinea-'pigs, rabbits, frogs and rats;

(vi) that, as far as possible, experiments are not performed merely for the purpose of acquiring manual skill;

(vii) that animals intended for the performance of experiments are properly looked after both before and after experiments; and

(viii) that suitable records are maintained with respect to experiments performed on animals.

(v) in making any rules, the Committee shall be guided by such directions as the Government, consistently with the objects for which the Committee is set up, may give to it;

(w) all rules made by the Committee shall be binding on all individuals performing experiments outside institutions and on person's in-charge of institutions in which experiments are performed;

(x) For the purpose of ensuring that the rules made by it are being complied with, the Committee may authorize any of its officers or any other person in writing

to enter and inspect any institution or place where experiments are being carried on and report to it as a result of such inspection, and any officer or person so authorized may enter at any time considered reasonable by him, and inspect any institution or place in which experiments on animals are being carried on; and

(y) require any person to produce any record kept by him with respect to experiments on animals;

9. **Offences of Cruelty.** _ If any person,

(a) beat, kick, over-ride, over-drive, over-load, torture, or otherwise, cruelly treat any animal so as to subject it to pain or suffering or causes, or being the owner permits, any animal to be so treated;

(b) keep or confine any animal in any cage or other container which does not measure sufficiently in height, length and breadth to permit the animal a reasonable opportunity for movement;

(c) keep or confine any animal, being the owner of such animal or otherwise, in any cage or other container and cause the animal to suffer from malnourishment or treat the animal with such negligence that adequate food, water, shelter and light is not provided to such animal on a daily basis or keep any animal in an area without proper ventilation;

(d) keep any animal chained or tethered upon an unreasonably short or unreasonably heavy chain or cord for an unreasonable time;

(e) without reasonable cause, abandon any animal in circumstances which tender it likely that it will suffer pain by reason of starvation or thirst or disease;

(f) willfully permit any animal, of which he is the owner, to go at large in any street, while the animal is affected with contagious or infectious disease or, without reasonable excuse permits any diseased or disabled animal, of which he is the owner, to die in any public area;

(g) offer for sale or without reasonable cause, has in his possession any animal which is suffering pain by reason of mutilation, starvation, thirst, overcrowding or other ill-treatment;

(h) convey or carry, or cause or procure, or, being the owner, permit to be conveyed or carried, any animal in such manner or position as to cause that animal any unnecessary suffering;

(i) cause, procure or assist at the fighting or baiting of any animal or shall keep, use, manage or act or assist in the management of, any premises or place for the purpose of fighting or baiting any animal; or permits or offers any place to

be so used or receives money for the admission of any other person to any place kept or used for any such purposes;

(j) promote or take part in any shooting match or competition wherein animals are released from captivity for the purpose of such shooting;

(k) subject, or cause or procure, or being the owner permit, to be subjected, any animal to any surgical procedure which is performed without due care and humanity;

(l) indulge in the practice of smuggling of animals, including rare animals, whether nationally or internationally; and

(m) employ in any work or labour any animal which by reason of any disease, infirmity, wound, sore or other cause is unfit to be so employed, or permits any such unfit animal in his possession or under his control to be so employed.

Such person shall be guilty of an offence of cruelty within the meaning of this Act, and shall be liable upon summary conviction to a fine not less than Rupees five hundred thousand or alternatively, or in addition thereto, to be imprisoned, with or without hard labor, for any term up to one year.

Provided that the offense of cruelty is to be treated as cognizable offense as defined under the Code of Criminal Procedure, 1898.

**10. Power of Court. _**

(1) Where the owner of an animal is found guilty within the meaning of this Act, If the court is satisfied that it would be cruel to keep the animal alive,to direct that the animal be euthanized,and to assign the animals to a suitable and qualified veternary doctor for that purpose, and the veternary doctor to whom such animal is so assigned shall as soon as possible, euthanize or cause such animal to be euthanized in his presence without unnecessary suffering;

Provided the court shall not order the animal to be euthanized,unless such order is based on the testimony and evidence of' a registered veterinary doctor in charge of the area and no treatment or cure is available or possible to ease and prolong the life of the animal;

Provided further that any reasonable expense incurred in euthanizing the animal as aforesaid may be ordered to be recoverd from the owner as if it were a fine.

(2) If the owner of any animal shall be found guilty of cruelty to the animal within the meaning of this Act , the Court, upon his conviction may if deems fit, in addition to any other punishment, deprive such person of the ownership of the animal and may make such order as to the welfare and well-being of the animal as may be deemed appropriate;

(3) If any person shall, by cruelty, within the meaning of this Act, to any animal do or cause to be done any damage or injury to the animal or cause injury to any person or damage to any property by the animal in his ownership, he shall upon conviction for cruelty under this Act, be liable upon the application of the person aggrieved to be ordered to pay as compensation to the person who shall sustain damage or injury as aforesaid, a sum not less than Rupees three hundred thousand or as the Court before whom he is convicted may consider reasonable; and

(4) No appeal shall lie from any order of a Court for the destruction of an animal.

**11. Experimentation on animals. _**

Nothing contained in this Act shall render unlawful the performance of experiments (including} experiments (involving operations) on animals for the purpose of advancement by new discovery of' physiological knowledge or of knowledge which will be useful for saving or for prolonging life or alleviating suffering or for combating any disease, whether of human beings, animals or plants;

Provided that the purpose of the experiments shall be limited to the purpose of advancement of new discoveries of physiological knowledge or of knowledge which will be useful for saving of for prolonging life or alleviating suffering or for combatting any disease, whether of human beings, animals or plants:

Provided further that notwithstanding anything contained in any other law for the time being, in force no animals are to be used for the purpose of conducting tests for cosmetics and there shall be complete ban on the use of animal in any experiments or testing or the purpose of anything other that specified in the first proviso to section 13.

**12. Prohibition of Experiments on animals. _**

If the committee is satisfied, on the report of any officer or other person made to it as a result of any inspection or otherwise that the rules made by it are being violated, the committee may, after giving an opportunity to the person or institution carrying on experiments on animals, of being head in the matter, by order, prohibit the person or institutions from carrying on any such experiments either for a specified period or indefinitely, or may allow the person or institution to carry on such experiments or deem fit.

**13. Penalties. _**

If any person contravenes any provision of this Act or any order made by the committee, or commits a breach of any condition imposed by the committee, he shall be punishable with a fine which may extend to Rupees three hundred thousand and, when the contravention or breach of condition has taken place in any institution, the person in charge of the institution shall be deemed to be guilty of the offense and shall be punishable accordingly by a court under this Act, to imprisonment for a period of up to six months with or without a fine of Rupees one million.

**14. Performing Animals. _**

No person shall exhibit or train any animal:

(i) unless he is registered in accordance with the provisions of this Act.

(ii) that may have been notified by the Federal Government as an animal which shall not be exhibited or trained as a performing animal.

**15. Registration. _**

(1) Every person desirous of exhibiting or training any performing animal shall, on making an application in the prescribed form to the committee, who shall be the competent authority in this regard, and on payment of the prescribed fee, be registered under this Act unless otherwise he, by reason, is not entitled to be so registered;

(2) An application for registration shall contain such particulars to the animals and as to the general nature of the performances in which the animals are to be exhibited or for which they are to be trained, and the particulars so given shall be entered in the register maintained by the committee; and

(3) The Committee shall give to every person whose name appears on the register kept by them, a certificate of registration in the prescribed form containing the particulars entered in the register.

**16. Power to Enter Premises. _**

Any person authorized in writing by the Committee and any police officer not below the rank of an inspector may enter at all reasonable times and inspect any premises in which any performing animals are being trained or exhibited or kept for training or exhibition, and any such animals found therein i.e may require any person who, he has reason to believe is a trainer or exhibitor of performing animals to produce his certificate of registration.

**17. Exemptions:**

Any persons or Organization shall be exempted from the application of this Act, who is involved in -

(a) the training of animals for bonafide military or police purpose or the exhibition of any animals, so trained; and

(b) any animals kept in any zoological garden or by any society or association which has for its principal object the exhibition of animals for educational or scientific purposes.

**18. Treatment and care of animals. _**

(1) The Animal Welfare and Protection Committee may advise on the best possible care and treatment of animals in respect of which offences against this Act, have been committed, and may authorize the detention therein of any animal pending its

production before a magistrate.

(2) The magistrate before whom a prosecution for an offence against this Act has been instituted may direct that the animal concerned shall be treated and cared for in an infirmary or hospital dedicated to the care and treatment of animals, until it is fit to perform its usual work or is otherwise fit for discharge.

(3) An animal sent for care and treatment to an infirmary shall not, unless the magistrate directs that it shall be euthanized, be released from such place except upon a certificate of its fitness for discharge issued by a veterinary officer as may be authorized in this behalf by rules made under this Act.

(4) Any amount payable by an owner of an animal may be recovered in the same manner as an arrear of land revenue.

(5) If the owner refuses or neglects to remove the animal within such time as magistrate may specify, the magistrate may direct that the animal be sold or put up for adoption and that the proceeds of the same be applied to the payment of such cost.

**19. Power to make Rules. _**

The Federal Government may, by notification, in the official Gazette, make rules for carrying out the purposes of this Act.

**20. Act of Override other laws. _** Notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force, the provisions of this Act and the rules framed thereunder, shall take precedence and have a binding effect in all matters relating to the welfare and prevention of cruelty to animals in the Islamabad Capital Territory and all matters ancillary or incidental thereto.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

All the animals have a right to adequate nourishment and appropriate shelter. The harmonious existence of all living things contributes to a healthy sense of respect for animal, and the violation of these fundamental principles shall result in the degradation of the natural and moral fabric of society. In view of the absence of any laws making provisions for the promotion of animal welfare, it has become imperative for the Federal Government to provide a law on animal rights. This Act is committed to ensure the protection of animals as well as to foster a better understanding of the vital role played by animals in the daily lives of human beings.

This Act endeavors to ensure and promote the protection and welfare of animals to treat the injured, to house the homeless, and comfort, protect and treat the abused.

**Sd/-**
**MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM**
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## حیوانات کے فطری حقوق اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے احکامات وضع کرنے کا بل

چونکہ جانوروں کو بدزیادتی اور بدسلوکی سے پاک ماحول میں رہنے کا ناقابل تنسیخ حق حاصل ہے۔ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے اسلام آباد تحفظ حیوانات ایکٹ، ۲۰۲۴ء کو نافذ کیا جائے؛

لہذا بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے۔

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ۔** (۱) یہ بل اسلام آباد تحفظ حیوانات بل، ۲۰۲۵ء سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ دارالحکومتی علاقہ اسلام آباد پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور بافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات:۔** بجز اس کے کہ کوئی امر موضوع یا سیاق کے منافی ہو، ایکٹ ہذا میں :۔

(الف) ''حیوان'' سے مراد کوئی بھی جاندار جس میں ماسوائے انسان کے، فقاری اور غیر فقاری شامل ہیں؛

(ب) ''کمیٹی'' سے مراد وفاقی حکومت کی جانب سے قائم کی جانے والی فلاحی و تحفظ حیوانات کمیٹی ہے؛

(ج) ''زیر اسیر حیوان'' سے مراد کوئی بھی حیوان (گھریلو جانور کے علاوہ) جو قید میں ہے چاہے مستقل یا عارضی ہو اس کے فرار کو روکنا؛

(د) ''عدالت'' سے مراد مجسٹریٹ کی عدالت ہے؛

(ہ) ''پالتو جانور'' سے مراد کوئی بھی جانور جسے انسان کے ساتھ رہنے کے لیے پالا جاتا ہے اور انسان اسے پالتو جانور، کام کرنے والے جانور یا خوراک کے ماخذ کے طور پر رکھتا ہے؛

(و) ''مقامی اتھارٹی'' سے مراد اسلام آباد کیپٹل ایڈمنسٹریشن یا قانون کے ذریعے ایک مخصوص مقامی علاقے میں کسی بھی معاملات کے کنٹرول اور انتظامیہ کے ساتھ متعین کی گئی اتھارٹی ہے؛

(ز) ''لاعلاج بیمار جانور'' سے مراد وہ جانور ہے جو جان لیوا حد تک زخمی یا صحت یاب نہ ہو سکنے والا جانور ہے جیسا کہ معالج حیوانات کی جانب سے تصدیق شدہ ہو؛

(ح) ''ادارہ'' میں ایک فرد یا کوئی دوسرا ادارہ یا شخص شامل ہوگا جس کی ایما پر تجربہ کیا جاتا ہے؛

(ط) ''مالک'' جسے کسی جانور کے حوالے سے استعمال کیا جاتا ہے اس میں نہ صرف مالک بلکہ مالک کی رضامندی سے کوئی دوسرا شخص بھی شامل ہے جس کے قبضہ یا تحویل میں یہ جانور ہو؛

(ی) "مجوزہ" سے مراد ایکٹ ہذا کے تحت بنائے گئے مقررہ قواعد ہیں؛

(ک) "پرفارمنگ اینیمل" سے مراد وہ جانور ہے جو کسی تفریح، نمائش وغیرہ کے مقصد سے استعمال کیا جائے۔

(ل) "مقرر کردہ اتھارٹی" سے مراد کمیٹی یا ایسی دوسری اتھارٹی یا افسر ہے جسے کمیٹی نے اختیار دیا ہو۔

(م) "محفوظ جانور" سے مراد یا ایکٹ ہذا کے اغراض حسب ذیل ہیں اگر۔

(i) یہ اس قسم کا جانور ہوتا ہے جو عام طور پر پالا جاتا ہے؛

(ii) یہ انسان کے کنٹرول میں ہے خواہ مستقل ہو یا عارضی بنیادوں پر ہو؛ یا

(iii) یہ جنگلی حالت میں رہائش پذیر نہ ہو۔

(ن) "نایاب جانور" میں وہ جانور شامل ہیں جو تسلیم شدہ بین الاقوامی فورمز جیسے WWF کی نایاب نسل کی ڈائریکٹری میں درج ہیں اور کوئی بھی ایسا جانور جس کو فی الوقت نافذ العمل کسی قانون کے تحت یا جانوروں کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرنے والا ادارہ کی جانب سے خاص، نایاب، خطرے سے دوچار قرار دیا گیا ہو؛

(س) "اسمگلنگ" میں جانوروں اور جنگلی حیات کا غیر قانونی قبضہ، نقل و حمل، فروخت، خرید اور تقسیم شامل ہے۔ نیز

(ع) "آوارہ جانور" میں وہ جانور شامل ہیں جو لاوارث اور بغیر کسی مالک کے ہوں اور جن کو کوئی اپنی ملکیت میں لینے کیلئے تیار نہ ہو۔

(ف) ''عدالت'' سے مراد عدالت کا مجسٹریٹ ہے۔

۳۔ **فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کے لیے جانوروں کے لیے ذمہ دار افراد کی ڈیوٹی:۔**

(۱) ایک شخص ظلم کے جرم کا ارتکاب کرتا ہے، اگر وہ ایسے اقدامات نہیں کرتا جو تمام حالات میں معقول ہوں تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ کسی جانور کی ضروریات جس کے لیے وہ ذمہ دار ہے، کو اس حد تک پورا کیا جائے جو اچھے عمل کے زمرے میں آتا ہو:۔

(۲) کسی بھی جانور بشمول ایک محفوظ یا نایاب جانور کی دیکھ بھال یا انچارج رہنے والے ہر فرد چاہے وہ مالک ہو یا بصورت دیگر، کا فرض ہوگا کہ وہ ایسے جانور کی فلاح و بہبود کو یقینی بنائے اور ان کو مصیبت و تکلیف سے محفوظ رکھے۔ ایسا ہر فرد خصوصی طور پر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ اس کے زیر انتظام کسی جانور کو حسب ذیل ہونا چاہیے:

(الف) جانوروں کی ضروریات کے مطابق موزوں ماحول اور غیر موزوں ماحول کی وجہ سے کسی بھی قسم کی تکلیف کا حل۔

(ب) بھوک، پیاس اور ناقص غذائیت کی جگہ مناسب خوراک؛

(ج) درد، چوٹ اور بیماری سے ہر قسم کا ضروری اور مناسب تحفظ؛

(د) جانوروں کی مختلف اقسام کے لیے عام رویے کے اظہار اور نمائش کی آزادی۔

(ہ) خوف اور اذیت سے چھٹکارا؛ نیز

(و) رہنے کی مناسب جگہ کا انتظام جس میں کسی بھی ضرورت پر غور کرنا شامل ہے لیکن اس تک محدود نہیں ہے جس میں جانور کو دوسرے جانوروں کے ساتھ رکھا جانا یا ان سے الگ کرنے کی کوئی ضرورت ہو۔

(۳) ذیلی دفعہ (۱) کا اطلاق کرتے وقت جن متعلقہ حالات کا خیال رکھنا ہے، ان میں خاص طور پر شامل ہیں، مگر ان تک محدود نہیں ہیں۔

(الف) کوئی بھی جائز مقصد جس کے لیے جانور رکھا جاتا ہے؛ اور

(ب) جانور کے حوالے سے کی گئی کوئی بھی جائز سرگرمی۔

(۴) اس دفعہ میں کسی بھی چیز کا اطلاق کسی جانور کو آسانی سے موت دینے پر مناسب اور انسانی طریقہ پر نہیں ہوتا۔

۴۔ **تحفظ و بہبود حیوانات کمیٹی۔** جانوروں کی فلاح و بہبود کے فروغ اور جانوروں کو پہنچنے والی اذیت، درد یا تکلیف کو روکنے غیر ضروری ہلاکت کے خاتمے اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے ایک کمیٹی قائم کی جائے گی جسے تحفظ و بہبود حیوانات کمیٹی کے نام سے موسوم کیا جائے گا۔

۵۔ **کمیٹی کی تشکیل۔** (۱) کمیٹی حسب ذیل افراد پر مشتمل ہو گی:

i. سیکرٹری، وزارت داخلہ، چیئرپرسن کے طور پر کام کریں گے؛

ii. سیکرٹری، وزارت موسمیاتی تبدیلی، رکن کے طور پر کام کریں گے؛

iii. کمشنر اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ رکن کے طور پر کام کریں گے؛

iv. چیئرمین کیپٹل ڈیویلپمنٹ اتھارٹی رکن کے طور پر کام کریں گے؛

v. ڈائریکٹر، انتظام جنگلی حیات بورڈ، اسلام آباد، کمیٹی کے جنرل سیکرٹری کے طور پر کام کریں گے؛

vi. اچھی شہرت کے حامل تین افراد جو جانوروں کی بہبود کے کاموں میں سرگرم عمل ہیں اور معروف انسان دوست ہیں، جنہیں وفاقی حکومت کی جانب سے نامزد کیا جائے گا؛ نیز

vii. دو ممتاز ویٹرنری پریکٹیشنرز۔

(۲) وفاقی حکومت سرکاری جریدے میں اعلامیہ کے ذریعے اور دفعہ ۴ کی تصریحات کے تحت ایکٹ ہذا کے نفاذ کے بعد ایک سو بیس دن کے اندر تحفظ و بہبود حیوانات کمیٹی تشکیل دینے کے لیے فوری اقدامات کرے گی۔

۶۔ **کمیٹی کی کارروائی کرنے کے قواعد۔** ایکٹ ہذا کی دفعات سے مشروط، کمیٹی کے طریقہ کار اور کارہائے منصبی کے طرز عمل کو کمیٹی کے وضع کردہ ضابطوں کے ذریعے منظم کیا جائے گا۔

۷۔ **کمیٹی کے فنڈز۔** وفاقی حکومت اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ جات کی حدود میں حیوانات کی فلاح و بہبود کے لیے حکومت کے علاوہ گرانٹس/عطیات/تحائف دینے کے لیے مقامی اور غیر ملکی عطیہ دہندگان کے لیے ایک اکاؤنٹ قائم کر سکتی ہے۔

۸۔ **کمیٹی کے کارہائے منصبی۔** کمیٹی کے حسب ذیل کارہائے منصبی ہوں گے، یعنی:۔

(الف) اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ جات کے اندر حیوانات کی فلاح و بہبود اور ظلم پر پابندی اور نافذ العمل تمام قوانین پر عمل درآمد اور نفاذ کو یقینی بنانا؛

(ب) اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ جات میں حیوانات پر ظلم و ستم کی روک تھام اور فلاح و بہبود قانون کو اپ ڈیٹ کرنا اور اسے برقرار رکھنا؛

(ج) وفاقی حکومت کو وقتاً فوقتاً حیوانات کے ساتھ ظلم کی روک تھام اور فلاح و بہبود کے لیے ایسے کسی قانون کے تحت اٹھائے جانے والے اقدامات کے بارے میں مشورہ دینا؛

(د) وفاقی حکومت کو مشورہ دینا اور ایکٹ ہذا کے تحت قوانین کا مسودہ وضع کرنا تاکہ حیوانات کو عمومی طور پر غیر ضروری تکلیف یا اذیت دینے کے عمل کو روکا جا سکے، اور بالخصوص جب انہیں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جا رہا ہو یا جب وہ تفریحی جانوروں کے طور پر استعمال ہو رہے ہوں یا جب انہیں پالتو جانوروں کے رہنے کی جگہوں میں یا کسی بھی صورت میں قید میں رکھا جاتا ہے۔

(ہ) کمیٹی جانوروں کی فلاح و بہبود کے لئے تمام اقدامات کرے جیسا کہ وہ مناسب سمجھے یعنی آوارہ جانوروں سمیت تمام جانوروں کے لئے ویٹرنری امداد فراہم کرنا؛

(و) ایسے تمام اقدامات کرنا جو کمیٹی مناسب سمجھے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ بیمار جانوروں کا، خواہ وہ محفوظ ہوں یا آوارہ، مقامی حکام کے ذریعے طبّی طور پر علاج کیا جائے، جب بھی ایسا کرنے کی ضرورت ہو، یا تو فوری طور پر، یا اگر لاعلاج قرار دیا جائے تو مناسب طور پر اہل اور ماہر ویٹرنری سے ضروری مشاورت کے بعد فوری اقدامات کریں تاکہ ان کے درد یا تکلیف کو کم کیا جا سکے

(ز) حیوانات کو غیر ضروری درد یا تکلیف کو روکنے یا حیوانات اور پرندوں کے تحفظ کے مقصد کے لیے قائم کردہ ایسوسی ایشنز یا اداروں کے کام کے ساتھ تعاون اور رابطہ قائم کرنا۔

(ح) طبّی دیکھ بھال اور توجہ سے متعلق معاملات جو کہ جانوروں کے ہسپتالوں میں فراہم کی جائے گی، پر وفاقی حکومت کو مشورہ دینا؛

(ط) جانوروں کے ساتھ انسانی رویہ اختیار کرنے سے متعلق تعلیم دینااور آگاہی پیدا کرنااور جانوروں کو غیر ضروری تکلیف یادرد پہنچانے کے خلاف عوامی رائے کی تشکیل کی حوصلہ افزائی کرنا؛

(ی) جانوروں کی فلاح و بہبود سے متعلق کوئی معاملات یاجانوروں کو غیر ضروری تکلیف یادرد پہنچانے سے روکنے سے متعلق معاملات پر وفاقی حکومت کو مشورہ دینا؛

(ک) کمیٹی کی تشکیل کے بعد ۹۰ دنوں کے اندر خاص طور پر آوارہ کتوں اور بلیوں کے لیے آوارہ جانوروں کے مانع حمل سے متعلق مناسب قواعد کی تشکیل کرنااور ڈرافٹ بنانا؛

(ل) ویٹرنری ماہرین اور ڈاکٹرز کی رجسٹریشن کے لیے قواعد بنانااور اس بات کو یقینی بنانا کہ کوئی رجسٹرڈ ویٹرنری ڈاکٹر کو ایکٹ ہذا کی دفعہ ۱۱ کے تحت عدالت کی جانب سے عائد کردہ احکامات کی ادائیگی کے لیے برقرار رکھا جائے؛

(م) اسلام آباد الحکومتی علاقے کے اندر جانوروں کی فلاح و بہبود کے فروغ اور یقینی بنانے کے لیے جملہ ضروری اقدامات کرنا بشمول لیکن ذیلی کمیٹیوں، قواعد، ضوابط بنانے تک محدود نہ ہو؛

(ن) کمیٹی کے قیام کے ۹۰ دن کے اندر جانوروں کی اسمگلنگ سے متعلق مناسب قواعد، ہدایات یار ہنمااصولوں کے بارے میں مشورہ دینا، وضع کرنااور تیار کرنا؛

(س) چڑیاگھروں، جانوروں کے اسٹوروں یا کوئی ایسی جگہ جہاں جانوروں کو کسی غرض کے لیے رکھا جارہا ہو ماسوائے پالتو جانوروں کے انٹرٹینمنٹ، خرید و فروخت علاج کے سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کے لیے رہنمااصولوں کی تشکیل؛

(ع) جانوروں پر ٹیسٹ اور تجربوں کے انعقاد سے متعلق کسی فرد، کمپنی، کارپوریشن، ادارے سے دی گئی درخواستوں پر غور وخوض، تخمینہ لگانا، اور منظوری دینااور اس ضمن میں مناسب رہنمااصول جاری کرنا؛

(ف) جملہ ایسے اقدامات اٹھانا جیسا کہ اس کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہوں کہ جانوروں کو ان پر تجربے سے قبل، دوران یا بعد ازیں غیر ضروری تکلیف یادرد نہ دیا جائے اور اس غرض کے لیے، سرکاری جریدے میں نوٹیفکیشن کے ذریعے، ایسے قواعد جیسا کہ جانوروں کے لیے ایسے تجربوں کے انعقاد سے متعلق مناسب ہوں بنائے جائیں؛

(ص) خاص طور پر، اور اختیارات کی عمومیت سے بغیر کسی تعصب کے، ایسے قواعد حسب ذیل معاملات کے لئے فراہم کئے جائیں یعنی؛

(ق) جانوروں پر تجربات کرنے کے لئے افراد یااداروں کی رجسٹریشن؛

(ر) جانوروں پر تجربات کرنے والے افراد اور ادارے کمیٹی کو رپورٹس اور دیگر معلومات بھیجیں گے؛

(ش) خاص طور پر اور مذکورہ بالا اختیارات کی عمومیت کے ساتھ بغیر کسی تعصب کے، کمیٹی کی جانب سے وضع کردہ قواعد درج ذیل چیزوں کو محفوظ کرنے کے لیے وضع کیے جائیں، یعنی:۔

i. کہ ایسے معاملات جہاں تجربات کسی بھی ادارے میں کیے جاتے ہیں، لہذا اس کی ذمہ داری ادارے کے انچارج پر عائد ہوتی ہے اور یہ کہ، ایسے معاملات میں یہاں تجربات افراد کے ذریعے ادارے کے باہر کیے جاتے ہیں تو یہ افراد اس حوالے سے اہل ہوں اور تجربات اپنی پوری ذمہ داری سے انجام دیں؛

ii. کہ تجربات مناسب دیکھ بھال اور انسانیت کے ساتھ کیے جائیں اور جہاں تک ممکن ہو ایسے تجربات کیے جائیں جن میں آپریشن شامل ہوتے ہیں اور جانوروں کو درد اور صدمے کے احساس کو روکنے کے لیے یہ آپریشن ایک ماہر انیستھیٹک کے زیر نگرانی سرانجام دیے جائیں؛

iii. کہ وہ جانور، جو بے ہوشی کے دوا کے زیر اثر تجربات کے دوران، اتنے زخمی ہوتے ہیں کہ ان کی صحت یابی میں شدید تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو انہیں بے ہوشی کی حالت میں تلف کر دیا جائے؛

iv. جہاں بھی ممکن ہو جانوروں پر تجربات سے گریز کیا جاتا ہے؛ مثال کے طور پر میڈیکل سکولوں، ہسپتالوں، کالجوں اور اس طرح کے دیگر اداروں میں اگر دیگر تدریسی حالات جیسے کہ کتاب، ماڈل، فلمیں، لنک یکساں طور پر کافی ہو سکتے ہیں؛

v. یہ کہ بڑے جانوروں پر تجربات سے گریز کیا جاتا ہے کیونکہ لیباٹری میں چھوٹے جانوروں جیسے گنی سور، خرگوش، مینڈک اور چوہوں پر تجربات کر کے وہی نتائج حاصل کرنا ممکن ہے؛

vi. کہ جہاں تک ممکن ہو، تجربات محض دستی مہارت حاصل کرنے کے لیے نہیں کیے جاتے؛

vii. کہ تجربات سرانجام دینے کے لیے تیار کیے گئے جانوروں کو تجربات سے پہلے اور بعد میں مناسب دیکھ بھال کی جائے؛ نیز

viii. کہ جانوروں پر کیے گئے تجربات کے حوالے سے مناسب ریکارڈ مرتب کیا جائے۔

(ت) کوئی بھی قاعدہ وضع کرنے میں، کمیٹی کی رہنمائی حکومت ایسی ہدایات کے لیے کر سکتی ہے جو کہ یکساں طور پر ان مقاصد کے مطابق ہے، جن کے لیے کمیٹی تشکیل دی گئی ہے؛

(ث) کمیٹی کی جانب سے وضع کردہ تمام قواعد اداروں سے باہر تجربات کرنے والے تمام افراد اور اداروں کے انچارج پر لاگو ہوں گے جن اداروں میں تجربات کیے جاتے ہیں۔

(خ) یہ بات یقینی بنانے کے مقصد سے کہ اس کی جانب سے وضع کردہ قواعد کی تعمیل کی جائے، کمیٹی اپنے افسران میں سے کسی افسر یا کسی دیگر شخص کو تحریری طور پر مجاز ٹھہرا سکے گی۔ اس کا مقصد ایسے کسی بھی ادارے یا مکان میں داخلہ یا اس کا معائنہ ہے جہاں تجربات کیے جاتے جا رہے ہوں اور ایسے معائنے کے بعد اسے رپورٹ پیش کرنا ہے، اور ایسے مجاز ٹھہرایا گیا کوئی بھی افسر یا شخص ایسے کسی بھی موقع پر داخلہ کر سکتا ہے جسے وہ معقول سمجھے، اور کسی بھی ادارے یا مقام کا معائنہ کر سکتا ہے جہاں جانوروں پر تجربات کیے جا رہے ہوں؛ نیز

(ذ) کسی بھی شخص سے جانوروں پر کیے جانے والے تجربات کے ضمن میں اس کے پاس موجود ریکارڈ پیش کرنے کا تقاضہ کر سکتی ہے؛

۹۔ **ظلم سے متعلق جرائم۔** اگر کوئی شخص بھی،۔

(الف) اسے مارے پیٹے، اس پر لاتیں برسائے، اسے کچل ڈالے، اس پر اس کی طاقت سے زیادہ وزن ڈالے، اس پر تشدد کرے یا بصورت دیگر اس پر ظلم کرے تاکہ اسے جسمانی درد تکلیف برداشت کرنی پڑے یا اس کے مالک کی حیثیت سے کسی بھی جانور سے ایسا سلوک کرے؛

(ب) کسی بھی جانور کو کسی ایسے پنجرے یا کسی دیگر کنٹینر میں رکھے یا قید کرے جو اونچائی، لمبائی اور چوڑائی کے لحاظ سے ناکافی پیائش رکھتا ہو تاکہ اس جانور کو حرکت کرنے کا معقول موقع نہ دیا جائے؛

(ج) ایسے جانور کے مالک کی حیثیت سے کسی بھی جانور یا بصورت دیگر، کو کسی پنجرے یا کسی دیگر کنٹینر میں رکھے یا قید کرے اور اس جانور کو غیر تسلی بخش نمو کا سامنا کرنا پڑے یا اس جانور کے ساتھ روزانہ کی بنیاد پر ایسی لاپرواہی سے پیش آئے کہ ایسے جانور کو مناسب خوراک، پانی، رہنے کی جگہ اور روشنی میسر نہ ہو یا ایسے جانور کو مناسب ہوا کے بغیر کسی جگہ رکھے؛

(د) کسی بھی جانور کو زنجیروں سے باندھے یا ایسے کسی غیر معمولی طور پر چھوٹی یا بھاری زنجیر یا رسی سے کسی غیر معمولی اوقات کے لیے باندھے؛

(ہ) کسی بھی معقول وجہ کے بغیر کسی بھی جانور کو کسی بھی ایسے حالات میں تن تنہا چھوڑ دے جہاں یہ امکان ہو کہ وہ فاقے یا پیاس یا مرض کی وجہ سے درد کا شکار ہو گا؛

(و) جان بوجھ کر کسی بھی جانور کو مالک کی حیثیت میں اس بات کی اجازت دے کہ وہ جانور کسی بھی گلی میں آزاد پھرے، جبکہ وہ جانور کسی وبائی یا متعدی مرض سے متاثرہ ہو یا بغیر کسی معقول وجہ کے کسی بھی بیمار یا معذور جانور کو مالک کی حیثیت میں کسی عوامی علاقے میں مرنے کے لیے چھوڑ دے؛

(ز) اس جانور کو فروخت کے لیے پیش کرے یا کسی بھی معقول وجہ کے بغیر کسی بھی ایسی جانور کو اپنی تحویل میں رکھے جو اس کو مسخ کرنے، بھوکا اور پیاسا رکھنے، بیاس پر ہجوم جگہ میں رکھنے یا کسی بدنیتی پر مبنی سلوک روا رکھنے کے باعث درد دینے کا سبب ہو؛

(ح) کسی بھی جانور کو کسی ایسے طریقے یا حالت پر منتقل کرنے یا لے جانے یا اس کی خریداری کا سبب بننے یا اس کے مالک کی حیثیت میں اس جانور کو منتقل کرنے یا لے جانے کی اجازت دے تاکہ اس جانور کو غیر ضروری طور پر نقصان پہنچایا جائے؛

(ط) کسی بھی جانور کو لڑوانے یا اس پر کتا چھوڑنے کی وجہ بنے، اس کی خریداری کرے یا اس میں معاونت کرے یا اسے کسی دوسرے جانور سے لڑوانے یا اس پر کتا چھڑوانے کے مقصد کے لیے کسی بھی احاطے یا جگہ کے استعمال، اس کے انتظام یا اس کی بابت اقدام یا اس کے انتظام میں معاونت کرے یا کسی ایسے مقام کے ایسے استعمال کی اجازت یا پیشکش کرے یا کسی بھی دیگر شخص کے داخلے کے لیے رقم وصول کرے تاکہ اسے کسی بھی ایسے مقاصد کے لیے کسی مقام پر رکھا جائے یا استعمال کیا جائے؛

(ی) کسی شوٹنگ، میچ یا مقابلے کو فروغ دینا یا اس میں حصہ لینا ہے جس میں حیوانات کو مذکورہ شوٹنگ کے مقصد کے لیے قید سے رہا کیا جاتا ہے؛

(ک) کسی بھی جانور کے کسی جراحی کے طریق کار جو مناسب دیکھ بھال اور انسانیت کے بغیر انجام دیا جاتا ہے کو مشروط، وجہ یا حصول یا مالک کی اجازت کے ناطے کے تابع کیا جائے گا؛

(ل) حیوانات کی سمگلنگ میں ملوث ہونا جس میں نایاب جانور چاہے وہ قومی یا بین الاقوامی سطح کے ہوں، شامل ہیں؛ اور

(م) کسی کام یا مزدوری کی غرض سے ایسے جانور کو کام کے لیے رکھنا جو کسی بھی وجہ سے کسی بیماری، زخم، سوزش یا دیگر تکلیف میں مبتلا ہو جس کی وجہ سے وہ مذکورہ کام کرنے کے قابل نہ ہو یا ایسے کسی جانور کو اس طرح کے کام پر رکھنے کے لیے اس کے قبضہ یا اس کے زیر کنٹرول رکھنے کی اجازت دیتا ہے۔

ایسا شخص ایکٹ ہذا کے مفہوم کے اندر ظلم کے جرم کا قصوروار ہو گا اور کم از کم پانچ لاکھ روپے کی سرسری سزا کا مستوجب ہو گا یا اس کے متبادل یا کے علاوہ ایک سال تک کی کسی بھی مدت کے لیے بامشقت یا بلامشقت سزائے قید دی جائے گی۔

مگر شرط یہ ہے کہ ظلم کے جرم کو مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء کے تحت کی گئی تعریف کے مطابق قابل دست اندازی جرم کے طور پر تصور کیا جائے گا۔

۱۰۔ **عدالت کا اختیار۔** (۱) جہاں جانور کے مالک کو ایکٹ ہذا کے معنی کے اندر قصوروار پایا جاتا ہے، اگر عدالت مطمئن ہے کہ جانور کو زندہ رکھنا ظالمانہ عمل ہوگا تو ہدایت دے سکتی ہے کہ جانور کو آسان موت دی جائے اور اس مقصد کے لیے جانوروں کو موزوں اور اہل ویٹرنری ڈاکٹر کے سپرد کر دیا جائے، اور ویٹرنری ڈاکٹر جسے مذکورہ جانور سپرد کیا گیا ہے، جتنا جلد ممکن ہو مذکورہ جانور کو آسان موت دے گا یا غیر ضروری تکلیف پہنچائے بغیر اپنی موجودگی میں آسان بہت دلوائے گا:

مگر شرط یہ ہے کہ عدالت جانور کو آسان موت دیے جانے کا حکم صادر نہیں کرے گی تاوقتیکہ مذکورہ حکم علاقہ کے انچارج رجسٹرڈ ویٹرنری ڈاکٹر کی گواہی اور شہادت پر مبنی نہ ہو اور جانور کی زندگی کو آسان کرنے اور طول دینے کے لیے کوئی بھی علاج معالجہ یا علاج دستیاب یا ممکن نہ ہو:

مگر شرط یہ ہے کہ مذکورہ بالا جانور کو آسان موت دینے جانے پر آنے والے کوئی معقول اخراجات مالک سے بطور جرمانہ وصول کیے جانے کا حکم صادر کیا جا سکتا ہے۔

(۲) اگر کسی جانور کو مالک ایکٹ ہذا کے معنی کے اندر جانور پر ظلم کا قصوروار پایا گیا تو عدالت اس کی سزا کے بعد جو مناسب خیال کرے کسی دوسری سزا کے علاوہ مذکورہ شخص کو جانور کی ملکیت سے محروم کر سکتی ہے اور جانور کی فلاح و بہبود اور بہتری کے لیے ایسا حکم صادر کر سکتی ہے جیسا کہ وہ مناسب خیال کرے۔

(۳) ایکٹ ہذا کے مفہوم کے تحت، اگر کوئی شخص ظلم کے ذریعے، کسی جانور کو نقصان پہنچاتا ہے یا اس کی وجہ سے کسی جانور کو نقصان پہنچتا ہے یا اس کی ملکیت میں جانور کے ذریعے کسی شخص کو ضرر پہنچتا ہے یا کسی املاک کو نقصان پہنچتا ہے تو وہ متاثرہ شخص کی درخواست پر اس ظلم کے ارتکاب پر سزا کا مستوجب ہوگا اور اس شخص کو مذکورہ بالا نقصان یا ضرر پر معاوضہ ادا کرنے کا حکم دیا جائے گا جو تین لاکھ کی رقم سے کم نہ ہوگا یا عدالت جو مناسب خیال کرے، جس نے اسے سزا سنائی؛ نیز

(۴) کسی جانور کی تلفی کے لیے عدالت کے حکم کے خلاف کوئی اپیل نہیں کی جائے گی۔

۱۱۔ **جانوروں پر تجربات۔** ایکٹ ہذا میں شامل کوئی بھی چیز جسمانی علم یا علم کی نئی دریافت کے ذریعے پیش قدمی کے مقصد کے لیے جانوروں پر تجربات (بشمول آپریشنز) کے عمل کو غیر قانونی قرار نہیں دی جائے گی جو زندگی بچانے یا طول دینے یا مصائب کو دور کرنے کے لیے مفید ہو یا کسی بھی بیماری سے لڑنے کے لیے معاون ہو خواہ وہ انسانوں، جانوروں اور پودوں سے متعلق ہو۔

مگر شرط یہ ہے کہ تجربات کا مقصد جسمانی علم یا علم کی نئی دریافتوں کو آگے بڑھانے کے مقصد تک محدود رکھا جائے جو زندگی کو طول دینے یا اذیت کو دور کرنے یا کسی بھی بیماری سے لڑنے میں معاون ثابت ہو، خواہ وہ انسانوں سے متعلق ہو یا جانوروں یا پودوں سے۔

مزید شرط یہ ہے کہ فی الحال رائج کسی بھی دوسرے قانون میں موجود کسی بھی چیز کے باوجود، کسی بھی جانور کو کاسمیٹکس کے تجربات یا ٹیسٹنگ کے مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جائے گا اور کسی بھی تجربے میں جانوروں کے استعمال پر یا کسی بھی دیگر مقصد کے لیے مکمل پابندی عائد ہوگی جیسا کہ دفعہ ۱۳ میں پہلے جملہ شرطیہ میں تعین کیا گیا ہے۔

۱۲۔ **جانوروں پر تجربات کی ممانعت۔** اگر کمیٹی، کسی افسر یا دوسرے شخص کی کسی معائنہ یا بصورت دیگر کے نتیجے میں بنائی گئی رپورٹ، پر مطمئن ہو کہ اس کے بنائے گئے قواعد کی خلاف ورزی ہو رہی ہے تو کمیٹی جانوروں پر تجربات کرنے والے شخص یا ادارے کو موقع فراہم کرنے کے بعد حکمنامہ کے ذریعے اس شخص یا اداروں کو ایسے تجربات کرنے کے حوالے سے ایک مخصوص یا غیر معینہ مدت کے لیے منع کر سکتی ہے، یا اس شخص یا ادارے کو اس طرح کے تجربات، جیسے وہ مناسب تصور کرے، جاری رکھنے کی اجازت دے سکتی ہے۔

۱۳۔ **سزائیں۔** اگر کوئی شخص ایکٹ ہذا کی کسی شق یا کمیٹی کی طرف سے دیئے گئے کسی حکم کی خلاف ورزی کرتا ہے، یا کمیٹی کی طرف سے عائد کردہ کسی شرط کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوتا ہے، تو اسے تین لاکھ روپے تک جرمانے کی سزا دی جائے گی اور کسی بھی ادارے میں شرط کی خلاف ورزی کی صورت میں، ادارے کے انچارج شخص کو جرم کا مرتکب تصور کیا جائے گا اور ایکٹ ہذا کے تحت عدالت کی طرف سے اس کے مطابق سزا دی جائے گی جو ۱۰ لاکھ روپے کے جرمانہ کے ساتھ یا اس کے بغیر چھ ماہ تک قید کی سزا ہو گی۔

۱۴۔ **نمائش تفریح کے لیے استعمال کیے جانے والے حیوانات۔** کوئی شخص کسی جانور کی نمائش یا تربیت نہیں کرے گا:

i. جب تک کہ وہ ایکٹ ہذا کی تصریحات کے مطابق رجسٹرڈ نہ ہو؛

ii. جسے وفاقی حکومت نے بطور ایسے جانور کے طور پر اعلامیہ جاری کیا ہو جس کی نمائش یا تربیت بطور نمائشی جانور نہیں کی جائے گی؛

۱۵۔ **اندراج۔** (۱) ہر وہ شخص جو کسی بھی جانور کی نمائش یا تربیت کا خواہش مند ہو، مقررہ فارم میں کمیٹی کو درخواست دینے پر، جو اس حوالے سے ہیت مجاز ہو گی، اور مقررہ فیس کی ادائیگی پر، ایکٹ ہذا کے تحت اس کا اندراج کیا جائے گا تاوقتیکہ بصورت دیگر وہ کسی وجہ سے اندراج کا حقدار نہیں۔

(۲) رجسٹریشن کے لیے درخواست میں جانوروں کے لیے ایسے کوائف اور کارکردگی کی عمومی نوعیت کا اندراج ہونا چاہئے جس کے متعلق جانوروں کی نمائش کی جائے گی یا جس کے لیے انہیں تربیت دی جائے گی اور فراہم کردہ کوائف کو کمیٹی کی جانب سے مرتب کردہ رجسٹر میں درج کیا جائے گا۔

(۳) کمیٹی اپنے پاس رکھے رجسٹر میں درج ہر اس شخص کو مقررہ صورت میں رجسٹر میں درج اندراج کے مطابق ایک رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری کرے گی۔

۱۶۔ **احاطے میں داخل ہونے کا اختیار۔** کمیٹی کی جانب سے تحریری طور پر مجاز کیا گیا کوئی شخص اور کوئی پولیس افسر جو انسپکٹر کے درجے سے کم نہ ہو جملہ مناسب اوقات کار میں جا سکتا ہے اور ایسے جائے مقامات /احاطوں کا معائنہ کر سکتا ہے جس میں تربیت دینے یا نمائش کے لیے کوئی کارکردگی کے مظہر جانوروں کو تربیت یا نمائش یا رکھا/پالا جا رہا ہے، اور ایسے کوئی جانور ان میں موجود ہوں یعنی کہ کسی ایسے فرد کی ضرورت ہو جو ایک ٹریز یا جانوروں کی تربیت کی نمائش کنندہ کے لیے اپنا رجسٹریشن سرٹیفکیٹ پیش کر سکتا ہو۔

۱۷۔ **استثنیات۔** کسی فرد یا تنظیم کو ایکٹ ہذا کی اطلاق سے استثنا ہو گا جو کہ ملوث ہو۔

(الف) فوج یا پولیس کی غرض کے لیے جانوروں کی تربیت یا کسی جانوروں کی نمائش جیسا کہ تربیت دی گئی ہو؛ اور

(ب) کسی زولوجیکل گارڈن میں یا کسی سوسائٹی یا ایسوسی ایشن میں رکھے گئے جانور جن کا بنیادی مقصد تعلیمی یا سوسائٹی مقاصد کے لیے جانوروں کی نمائش ہو۔

۱۸۔ **جانوروں کا علاج و دیکھ بھال۔** (۱) اینیمل ویلفیئر پروٹیکشن کمیٹی جانوروں کی بہترین ممکنہ دیکھ بھال اور علاج پر مشورہ دے گی جن کے سلسلے میں اس ایکٹ کے خلاف جرائم کا ارتکاب کیا گیا ہے اور مجسٹریٹ کے سامنے کسی بھی جانور کو پیش کرنے میں زیر التوا ہونے کے عرصے تک کسی جانور کو تحویل میں رکھنے کا مجاز کیا گیا ہو۔

(۲) ایسا مجسٹریٹ ایکٹ ہذا کے تحت جس کی عدالت میں کسی جرم کے ارتکاب کے باعث مقدمے پر استغاثہ کی کارروائی کا آغاز کیا جائے، متعلقہ جانور کے بارے میں یہ ہدایات جاری کر سکے گا کہ ایسے جانور کی نگہداشت اور علاج معالجہ کی غرض کے لیے مخصوص کردہ شفاخانہ یا ہسپتال میں اس وقت تک اس کی نگہداشت اور اس کا علاج کیا جائے، جب تک کہ وہ اپنا معمول کا کام کرنے کے قابل نہ ہو جائے یا بصورت دیگر اسے اس ہسپتال یا شفاخانہ سے ڈسچارج کیے جانے کے لیے، موزوں متصور نہ کیا جائے۔

(۳) کسی بھی ایسے جانور کو مجسٹریٹ کی اس ہدایت کے بغیر کہ اسے تکلیف کی کم از کم شدت کا احساس دلاتے ہوئے مار دیا جائے گا، ایسی جگہ سے باہر نہ چھوڑا جائے، ماسوائے جب تک کہ ویٹرنری آفیسر، جسے ایکٹ ہذا کی رو سے وضع کردہ قواعد کے توسط سے اس ایماء پر مجاز ٹھہرایا گیا ہو، اس کے اس مقام سے باہر جانے کی بابت اس کی موزونیت کے سرٹیفیکیٹ کا اجراء نہ کردے۔

(۴) کسی جانور کے مالک کی جانب سے واجب الادا کسی بھی رقم کی وصولی لینڈ ریونیو کی بقایا رقم کے طور پر ایسے ہی طریق سے عمل میں لائی جاسکے گی۔

(۵) اگر مالک مجسٹریٹ کے مقرر کردہ وقت کے اندر جانور کو چھوڑنے سے انکار یا ایسی غفلت کا ارتکاب کرے، تو مجسٹریٹ ہدایت دے سکتا ہے کہ جانور کو فروخت کردی اجائے یا اسے متبنیٰ بنادیا جائے اور یہ کہ اس سے حاصل ہونے والی رقم کا مذکورہ لاگت کی ادائیگی پر اطلاق کیا جائے۔

۱۹۔ **قواعد وضع کرنے کا اختیار۔** وفاقی حکومت ایکٹ ہذا کے مقاصد کی بجاآوری کے لئے سرکاری جریدہ میں اعلان کے ذریعے قواعد وضع کرسکتی ہے۔

۲۰۔ **یہ ایکٹ دیگر قوانین پر غالب ہوگا۔** فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون میں مذکور کسی امر کے باوجود ایکٹ ہذا کی تصریحات اور اسکے تحت وضع کردہ قواعد علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں حیوانات کی فلاح و بہبود اور ان پر ظلم کی روک تھام اور اسکے تمام ضمنی یا منسلک معاملات سے متعلق تمام معاملات میں مقدم ہونگے اور مؤثر بہ پابند ہونگے۔

## بیان اغراض و وجوہ

تمام حیوانات کو مناسب پرورش اور پناہ گاہ کا حق حاصل ہے۔ تمام جاندار چیزوں کی ہم آہنگ موجودگی حیوانات کے لئے صحت منداحساس احترام میں کردار ادا کرتی ہے اور ان بنیادی اصولوں کی خلاف ورزی کے نتائج معاشرہ کے فطری اور اخلاقی رویے کی تنزلی میں برآمد ہونگے۔ حیوانات کی فلاح و بہبود کے فروغ کے لئے کوئی بھی قوانین موجود نہ ہونے کے پیش نظر، وفاقی حکومت کے لئے یہ ضروری ہو چکا ہے کہ وہ حیوانات کے حقوق کی بابت قانون وضع کرے۔ یہ ایکٹ حیوانات کے تحفظ کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ انسانوں کی روزمرہ زندگیوں میں حیوانات کی جانب سے ادا کئے جانے والے اہم کردار کی بہتر فہم کو فروغ دینے کے لئے پُرعزم ہے۔

یہ ایکٹ حیوانات کے تحفظ و فلاح و بہبود کو یقینی بنانے اور فروغ دینے کی کوشش ہے تاکہ زخمی کو علاج معالجہ بے گھر کو پناہ گاہ نیز زیادتی کے شکار کو آرام، تحفظ اور علاج معالجہ فراہم کیا جاسکے۔

دستخط/-

محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام

رکن، قومی اسمبلی